# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : جیکولین مرزا

کلاس 5 کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کتاب ''انو خالہ'' کی ٹیچرز گائیڈ پانچویں کلاس کے بچوں کو ذہن میں رکھ کر لکھی گئی ہے۔ حقیقت سے قریب کہانیاں یا ایسے کردار جو حقیقی لگیں بچوں کو بہت دلچسپ لگتے ہیں۔ ان کے بارے میں پڑھنے میں مزہ بھی آتا ہے۔

انو خالہ بھی ایسی ہی کہانی ہے۔ بچے اس کردار کے بارے میں پڑھ کر محسوس کریں گے کہ وہ ان کے اردگرد ہی ہیں۔ ٹیچر اس کہانی کے ذریعے بچوں کو رشتوں کی پہچان' کمپوزیشن پر کام اور مختلف activities کر واسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھائی بھی کر وائیں۔

## سیشن 1

5 منٹ

- ٹیچر بچوں کو سب سے پہلے کتاب کا سرورق دکھا کر پوچھیں' ان کے خیال میں یہ کتاب کس کے بارے میں ہے۔ بچوں سے پوچھیں ان کے خیال میں یہ صاحبہ کون ہیں؟ ان کا مزاج کیسا ہو گا؟ بچوں سے کہیں کہ وہ ان کے بارے میں ایک خاص image اپنے ذہن میں بنا لیں۔

5 منٹ

- اب بچوں سے ان کے خیالی خاکے کے بارے میں پوچھیں اور بورڈ پر وہ الفاظ لکھیں۔ مثلاً تندرست۔ مزاحیہ۔ غصے والی۔ حکم چلانے والی۔ وغیرہ وغیرہ۔

20 منٹ

- ٹیچر کتاب ''انو خالہ'' الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ پڑھائی کے بعد بورڈ پر بچوں کے بتائے ہوئے جوابات کو سبق کے حوالے سے چیک کریں۔ بچے کتاب کی پڑھائی کے بعد ان کا صحیح خاکہ اور ان کی شخصیت کے بارے میں صحیح رائے کم از کم چار لائنوں میں لکھیں۔

اس بارے میں ٹیچر بچوں سے سوال بھی کریں۔ ٹیچر بچوں کی رائے کا احترام کریں۔ ان کے دیئے جواب کی نفی نہ کریں۔

بچوں سے پوچھیں کہ اگر اس شرارت کی وجہ سے سزا کے طور پر ان کی پٹائی ہوتی تو وہ کیا محسوس کرتے؟

15 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ اگر آپ کو بچوں کی غلطیوں پر سزا دینے کا اختیار مل جائے تو آپ درج ذیل غلطیوں پر کیا سزا تجویز کریں گے۔

مستقل ہوم ورک نہ کرنے پر۔ کسی بچے کا دوسرے بچے کو مارنے پر۔ بڑوں کے ساتھ بدتمیزی کرنے پر۔ اپنی اور دوسروں کی چیزیں توڑنے پر۔ کسی کا دل توڑنے پر۔

## گھر کا کام

- بچے گھر سے کتاب ''انو خالہ'' پڑھ کر آئیں اور کم از کم 10-12 لائنوں میں ایسا واقعہ لکھ کر لائیں جب انہیں کسی بات پر ایسی سزا ملی تھی جو وہ کبھی نہیں بھول سکے۔

## سیشن 2

- ٹیچر اس سیشن کو یا تو دو دن میں ختم کریں۔ یا پھر اسکول کی ہیڈ سے اجازت لے کر ایک ساتھ دو پیریڈ لیں۔

10 منٹ

- ٹیچر بچوں کو مندرجہ ذیل ہدایات دیں۔

کسی شخصیت کا character sketch اور اس کا ظاہری حلیہ ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ بچے character sketch لکھنے سے پہلے کہانی کو کئی مرتبہ اچھی طرح پڑھ لیں۔ کتاب میں لکھے رائٹر کے ان الفاظ کو دھیان میں رکھیں جو انہوں نے اس character کا ذکر کرتے ہوئے استعمال کئے ہیں۔

بچے اس بات پر غور کریں کہ اس character (انو خالہ) کا کردار بدلتا ہے۔ کہانی کے دوران کب اور کہاں مثبت رخ اختیار کرتا ہے۔ ہر پوائنٹ لکھتے وقت بچے اپنے دلائل بھی دیں۔

10 منٹ

- ٹیچر بورڈ پر web بنائیں اور انو خالہ کے character sketch کے بارے میں پوائنٹس لکھیں مثلاً حکم چلانے والی۔ دخل اندازی کرنے والی۔ غلطیاں نکالنے والی۔ گپیں مارنے کی شوقین۔ بچے پہلے بتائیں بعد میں ٹیچر ان خوبیوں میں اضافہ کریں۔

25 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کسی شخص کا خاکہ ہمیشہ اس کے رویوں اور انداز کو نظر میں رکھ کر لکھا جاتا ہے۔ ٹیچر مندرجہ ذیل جملے بورڈ پر لکھیں اور بچے انو خالہ کے بارے میں بتائیں کہ یہ جملے ان کے کس رویئے کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

(1) ہر وہ بات جس کا ہمیں شوق ہے انو خالہ کو پسند نہیں۔

(2) وہ پورا دن گھر بھر کی انچارج بنی گھومتی ہیں۔

(3) ڈانٹ ڈانٹ کر کھیل بند کروا دیتی ہیں۔

(4) ہمارے پیچھے دودھ کا گلاس لے کر گھومتی ہیں۔

(5) باہر ہرگز مت نکلنا دوپہر ہے لو لگ جائے گی۔

(6) میرے چچا اتنے خوبصورت تھے کہ جب باہر نکلتے تو دو چار بھوت پریت ان کے ساتھ چمٹ کر آ جاتے۔

(7) میں ایسی شامت لاتی کہ بھوت دبے پاؤں بھاگ جاتے۔

(8) زور سے چیخ ماری اور دھڑام سے فرش پر گر گئیں۔

(9) سب سے پہلے لائٹ بند کرنے کا آرڈر دیتیں اور پھر چادر تان کر سو جاتیں۔

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ بچے کتاب کا ٹائٹل دیکھ کر انو خالہ کی ظاہری شکل و صورت لکھیں۔

## سیشن 3

45 منٹ

- مندرجہ بالا تمام پوائنٹس کو نظر میں رکھ کر بچے انو خالہ کے بارے میں ایک بک رپورٹ (book report) لکھیں جس میں تصویریں بھی بنائیں۔

## سیشن 4

نوٹ

- اس سیشن کا مقصد مختلف رشتوں کی پہچان اور ان کے بارے میں معلومات حاصل کرنا ہے۔

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے خود اپنے گھر والوں کے متعلق ایک مختصر بات چیت کریں۔ انہیں بتائیں کہ ان کے گھر میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟ کیا کرتے ہیں؟ ان سے ٹیچر کا کیا رشتہ ہے؟ ان کے نام کیا ہیں؟ ٹیچر انہیں کیا کہہ کر پکارتی ہیں؟ اس طرح کی بات چیت سے کلاس میں دوستانہ ماحول پیدا ہو جائے گا۔

20 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟ کیا کرتا ہے؟ اور کیسے رہتا ہے؟ جب بچے رشتوں کے نام بتائیں تو ان کا بتایا ہوا نیا لفظ بورڈ پر لکھیں اور بچے یا ٹیچر اس لفظ کا مذکر یا مونث بتائیں۔ مثلاً خالہ / خالو۔ پھوپھی / پھوپھا۔

اب اس لسٹ کو دوبارہ دیکھیں اور ٹیچر قریبی رشتہ داروں کے نام پہلے لکھیں۔ ٹیچر ان میں اضافہ کر سکتی ہیں۔ بچے یہ لسٹ کوپیوں میں اتاریں۔ (لسٹ میں کم از کم دس مختلف رشتے ہونا چاہئیں)۔

15 منٹ • بچے اپنے خاندان کے کسی ایک فرد یا کسی ایسے شخص کے بارے میں پانچ لائنیں لکھیں جو ان کے گھر میں رہتا ہے۔

## گھر کا کام

• اوپر بتائے ہوئے کسی پانچ رشتوں کا انگریزی میں ترجمہ کریں۔

## سیشن 5

45 منٹ • آج ٹیچر بچوں کو مندرجہ ذیل سوالات لکھوائیں۔ بچے سوال لکھ کر اس کا جواب لکھیں۔

(1) گھر والوں کی انو خالہ سے کیا رشتہ داری تھی؟

(2) انو خالہ کی دن بھر کی مصروفیات میں سے کسی تین کے بارے میں لکھیں؟

(3) بچے انو خالہ کی جن باتوں سے تنگ آگئے تھے ان میں سے کسی دو کے بارے میں لکھیں؟

(4) کسی بھی دو ایسی باتوں کے بارے میں لکھیں جس سے معلوم ہو کہ انو خالہ گھر بھر کی انچارج تھیں؟

(5) انو خالہ نے بچوں کو اپنے چچا کے بارے میں کیا بتایا تھا؟

(6) بچوں نے انو خالہ کو تنگ کرنے کا پروگرام کیوں بنایا؟

(7) بچوں نے انو خالہ سے بدلہ لینے کے لئے ان چیزوں کو کس طرح استعمال کیا؟ (کسیٹ پلییَر۔ جالے صاف کرنے والے ڈنڈے۔ چپل)۔

(8) مغرب دن کا کون سا حصہ ہوتا ہے؟ (سورج نکلنے سے پہلے۔ سورج ڈوبنے کا وقت۔ رات کا وقت)۔

(9) بچوں نے جیسے ہی انو خالہ کے قدموں کی آہٹ سنی کیا کیا؟

(10) بھوت کی آوازیں سننے کے بعد انو خالہ کا کیا حال ہوا؟

(11) انو خالہ کے ہوش میں آتے ہی بچوں کی کیا حالت ہوئی؟

(12) انو خالہ جیسے ہی ٹھیک ہوئیں انہوں نے کیا کیا؟

(13) آپ کے خیال میں ابو کا فیصلہ سننے کے بعد بچوں نے کیا محسوس کیا ہوگا؟

(14) تصور کریں کہ انو خالہ کی کہانی میں موجود بچوں میں سے ایک آپ بھی ہیں۔ کہانی کا اختتام بچے کس طرح کرنا چاہیں گے۔ انو خالہ کے مسئلے کا اس سے بہتر حل کیا ہو سکتا ہے؟ اپنی کہانی شروع ان الفاظ سے کریں۔ (اس رات ..............................)

## گھر کا کام

- اپنے گھر میں بچے امی، ابو، بہن، بھائی، دادا، دادی سے پوچھیں کہ کیا وہ بھوت پریت میں یقین رکھتے ہیں۔ بچے گھر سے ایسے براؤن بیگ یا کپڑے کے تھیلے لے کر آئیں جو ان کے سر پر فٹ آ جائیں۔ (پلاسٹک بیگ ہرگز نہ لائیں)۔ اس کے علاوہ کارڈ پیپر کے چھوٹے ٹکڑے (جو آنکھوں کی جگہ استعمال ہوں گے)۔ paper knife، گوند، پوسٹر پینٹ، برش، مارکر اور کریون یا رنگین پنسل۔ گھر سے بیکار ربن، رنگین کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے وغیرہ لے کر آئیں۔ کل کلاس میں بھوت کا ماسک بنایا جائے گا اور بھوت پریت کی پریڈ بھی ہو گی۔

## سیشن 6

90 منٹ

- آج کلاس میں بھوت پریت کی پریڈ کر وائیں۔ یہ کام دو سیشن میں کر وایا جائے گا۔ پہلے سیشن میں آرٹ ورک ہوگا۔

### ماسک بنانے کا طریقہ

- بچوں کو 5-5 کے گروپ میں بانٹ دیں۔ ان سے کہیں کہ ہر گروپ ایک ماسک بنائے۔

### طریقہ

- ایک بچہ ایک پیپر بیگ کو اپنے چہرے پر چڑھائے۔ پنسل کی مدد سے تھیلی پر آنکھ اور منہ کے نشان لگا لیں۔ اب بیگ کو چہرے سے اتار کر آنکھوں، منہ کو پہلے پنسل سے بنائیں پھر تھیلے کے اندر کارڈ بورڈ یا کوئی لکڑی یا گتہ رکھ کر cutter سے آنکھ اور منہ کی shape کاٹ لیں۔

اب اچھی طرح سے رنگوں کی مدد سے آنکھ، منہ، ناک وغیرہ بنائیں۔ رنگین ربن سے بال بنائیں۔ ربن چھوٹے بڑے ہونا چاہئیں۔

• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اس بھوت کا نام تجویز کریں اور ہر گروپ مختلف طرح سے چل کر اور آوازیں نکال کر بتائے۔
ہر گروپ اپنا جملہ بنائے جو بھوت بولے گا۔ مثلاً آدم بُو آدم بُو ہا ہا ہی ہی ہو ہو۔ بچے بھوت بن کر اسکول کا چکر بھی لگا سکتے ہیں یا پھر اپنے کلاس میں دوسرے بچوں کو بلا کر یہ activity دکھا سکتے ہیں۔ آرٹ ٹیچر کی مدد سے ٹیچر اس activity میں creativity پیدا کرسکتی ہیں۔

## سیشن 7

45 منٹ

• آج کہانی سنانے کا دن ہے۔ ٹیچر کچھ بچوں سے ہوم ورک میں لکھی کہانی سنیں۔ ٹیچر کچھ ایسے بچوں سے ضرور سنیں جو کلاس میں نسبتاً خاموش رہتے ہیں تاکہ اس طرح سب کے سامنے اپنی لکھی ہوئی چیز پڑھ کر ان کے اندر کی جھجھک ختم ہو گی۔

# انو خالہ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale